# صحیح یا غلط ؟

ا- شیر بڑے جانور کھا سکتا ہے، مثلاً گائے، بکری، ہرن، وغیرہ۔

ب- ہرن صرف چھوٹے جانور کھاتا ہے۔

پ- مینڈک خشکی اور پانی دونوں میں رہ سکتا ہے۔

ت- مکھی ایک بہت چھوٹا پرندہ ہے۔

ث- مکڑی کی آٹھ آنکھیں ہوتی ہیں۔

ٹ- مگرمچھ آنسو بہا سکتا ہے۔

ج- چمگادڑ اندھے ہوتے ہیں-

چ- ٹوکیو جاپان کا دارلسلطنت ہے۔

ح- ویٹیکن سٹی (پاپائے روم کا مقام) دنیا کا سب سے چھوٹا ملک ہے۔

خ- انگلستان یورپ کا دارا سلطنت ہے۔

د- دبئ ایشیا کا ایک ملک ہے-

ڈ- ملک آئیس لینڈ برف سے ڈھکا ہوا ہے ۔

ذ- گرین لینڈ سبزے سے ڈھکا ہوا ہے۔

ر- پاکستان سے بذریعہ ریل یو ایس (امریکا) جانا ممکن ہے۔

ڑ- موناکو یورپ کا اتنا چھوٹا ملک ہے کہ وہاں ہوآئی اڈہ نہیں ہے۔

ز- آسٹریلیا ملک ہے اور براعظم بھی۔

س- روس دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔

ش- دنیا کے سب سے بڑے مینگروو جنگلات بنگلہ دیش

میں ہیں-

ص۔ ہمالیہ کی سب سے اونچی چوٹی، مائونٹ ایورسٹ بھارت میں ہے۔

ض۔ انسان اپنے دماغ کا کُل دس فی صد حصہ استعمال کرتا ہے۔

**ایک کاغذ پر، اوپر دیے ہوئے ہر جملے پر اپنی رائے اس طرح د یجئے :**

**پہلے، جملے کی نشاندہی کیجیے، اور پھر اگر آپ اسے صحیح سمجھتے ہیں تو اس کے آگے 'ص' لکھیے اور اگر غلط سمجھیں تو 'غ، لکھیے۔ مثلاً**

**چ۔ ص (یعنی آپ اس جملے کو صحیح سمجھتے ہیں۔ اسی طرح اگر اپ اسے غلط سمجھتے ہوں تو غ لکھیے )۔ آخر میں درست جملوں کی فہرست پڑھیے، اور اس طرح اپنی معلوماتِ عامہ میں اضافہ کیجیے۔**

**درست جملے**

ا۔ ص۔ شیر گوشت خور جانور ہے۔

**ب۔** غ۔ ہرن سبزی خور جانور ہے۔ وہ گوشت نہیں کھاتا۔

**پ۔** ص۔ مینڈک خشکی اور پانی دونوں میں رہتا ہے۔

**ت۔** غ۔ مکھی کیڑا ہے، پرندہ نہیں۔

**ٹ ۔** ص، مگر، مکڑیوں کی کچھ ایسی قسمیں بھی ہیں جن کی آنکھوں کی تعداد آٹھ سے کم ہوتی ہے۔

**ث۔** ص، لیکن مگر مچھ غم کے آنسو نہیں بہاتا ، بلکہ آنسوؤں کے ذریعے اپنی آنکھیں نم (گیلی) رکھتا ہے۔

**ج۔** غ۔ چمگادرڑ اندھے نہیں ہوتے۔

**چ۔** ص۔

**ح۔** ص۔ ویٹکن سٹی (پاپائے روم کا مقام) دنیا کا سب سے چھوٹا ملک ہے، جس کے کُل شہری آٹھ سو سے زیادہ نہیں ہیں۔

**خ۔** غ۔ انگلستان یورپ کا ایک ملک ہے، دارالسلطنت نہیں۔

**د۔** غ۔ دبئی ملک نہیں، شہر ہے، اور اِمارت بھی۔ وہ متحدہ عرب امارا توں کی سات اِماراتوں میں سے ایک ہے۔

**ڈ۔** غ۔ آئس لینڈ کا تھوڑا سا حصہ برفیلا ہے۔ باقی ملک سر سبز ہے۔

**ذ** ۔ غ۔ گرین لینڈ کا صرف بیس فی صد حصہ سر سبز ہے۔ باقی ملک میں برف جمی رہتی ہے۔

ر۔ غ۔ پاکستان سے امریکہ کا پورا راستہ ریل سے طے کرنا ناممکن ہے۔ امریکہ کی دونوں طرف بحرِ اعظم ہیں۔

**ڑ۔** ص۔ موناکو میں ہموار زمین بہت کم ہے ۔ باقی حصہ پہاڑوں سے ڈھکا ہوا ہے۔ جہازوں کی رنوے کے لیے ہموار زمین کا ہونا ضروری ہے۔

**ز** ۔ ص۔

**س۔** ص۔

**ش۔** ص۔

**ص۔** غ۔ دنیا میں پہاڑوں کی سب سے اونچی چوٹی، ایورسٹ، نیپال اور تبت (جو کہ چین کا خود مختار علاقہ ہے) کی سرحد پر ہے۔

**ض۔** غ۔ آج کے سائنسدانوں کے مطابق انسان اپنا پورا دماغ استعمال کرتا ہے۔

************

KAHANI CHAMAN کہانی چمن